فیروز اللغات

اردو جدید

نیا اڈیشن

جدید ترتیب اور اضافوں کے ساتھ

ستّر ہزار کے لگ بھگ الفاظ، مرکّبات، محاورات، ضربُ الامثال
سائنسی اور فنّی اصطلاحات

فیروزُاللُغات اُردُو جدید

نیا ایڈیشن

جدید ترتیب اور اضافوں کے ساتھ

ستّر ہزار کے لگ بھگ مُتداوَل الفاظ، مرکّبات، محاورات
ضربُ الامثال اور سائنسی اور فنّی اِصطلاحات

فیروز سنز لمیٹڈ

لاہور۔ راولپنڈی۔ کراچی

جائے ۔ [ف ۔ ا ۔ مؤنث] جگہ ۔ مقام ۔ ٹھکانہ ۔
جائے اُستاد خالی ست ۔ (مثل) استاد پھر بھی استاد ہے ۔ اُستاد کی ہر وقت ضرورت رہتی ہے ۔
جائے اعتراض ۔ نقص نکالنے یا عیب نکالنے کی گنجائش ۔
جائے اندیشہ ۔ (۱) خطرے کا مقام (۲) خوف کی وجہ ۔
جائے پناہ ۔ امن کی جگہ ۔
جائے تنگ است و مرداں بسیار ۔ (مثل) جگہ یا گنجائش کم آدمی زیادہ ۔
جائے دم زدن نیست ۔ شکایت زبان پر لانے کا موقع نہیں
جائے سے ۔ **جائے سر** ۔ (۱) مناسب موقع پر (۲) صحیح مقام پر ۔
بجا ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ مناسب ۔ واجب ۔
جائے ضرور ۔ دیکھیے جا ضرور ۔
جایا ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بیٹا ۔ فرزند ۔ پسر ۔ پوت ۔

ج ۔ ب

جَب ۔ [ہ] جس وقت جس صورت میں ۔ جوں ہی ۔ تب
جب اپنی اُتار لی تو دوسرے کی اُتارتے کیا دیر لگتی ہے ۔ (مثل) جو خود ذلیل ہے وہ دوسروں کو ذلیل کرنے سے کیوں ہچکچائے گا ۔
جب اوڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی ۔ (مثل) جب بے حیائی اختیار کر لی تو پھر کسی کی کیا پروا ۔
جب باڑھ ہی کھیت کو کھائے تو رکھوالی کون کرے ۔ (مثل) جہاں ستانے والے اپنے ہی ہوں وہاں یہ ضرب المثل کہی جاتی ہے ۔
جب باوا جی مریں گے تو بیل بٹیں گے ۔ (مثل) کسی کام کو کسی ایسے کام پر موقوف رکھنا جس کے عمل میں آنے کا سر دست کوئی امکان نہ ہو ۔
جب تب ۔ (مؤنث) کبھی کبھی ۔ گاہ گاہ
جب تک ۔ **جب تلک** ۔ جس وقت تک ۔ تا وقتیکہ ۔
جب تک اونٹ پہاڑ تلے نہیں آتا سمجھتا ہے مجھ سے اونچا کوئی نہیں ۔ (مثل) جب تک اپنے سے زبردست سے پالا نہ پڑے انسان اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھتا ہے ۔
جب تک بچہ روتا نہیں ماں دودھ نہیں دیتی ۔ (مثل) مانگے بغیر کچھ نہیں ملتا ۔
جب تک سانس تب تک آس ۔ (مثل) مرتے دم تک زندگی کی اُمید لگی رہتی ہے ۔
جب تو ۔ اس لیے ۔ اس وقت تو ۔ تب تو ۔
جب جب ۔ ہر گاہ ۔ جس وقت ۔
جب چنے تھے تب دانت نہ تھے جب دانت ہوئے تب چنے نہیں ۔ (مثل) ایسے موقع پر کہی جاتی ہے جب انسان کو یہ ملال ہو کہ چیز موجود تھی تو اس سے فائدہ اٹھانے کے ذرائع نہ تھے ۔ ذرائع میسر آئے تو چیز نہیں ۔
جب خدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے ۔ (مثل) خدا دینے پر آتا ہے تو بے وسیلے اور بے ذریعے دیتا ہے
جب سے ۔ جس وقت سے ۔
جب کا ۔ (۱) اُس وقت کا ۔ (۲) گذشتہ (۳) آخر کا ۔ آخری ۔
جب کہ ۔ جس وقت ۔ جب ۔
جب کہیں جا کے ۔ بڑی مشکل سے ۔ بہت دقت سے ۔
جب ناچنے نکلی تو گھونگٹ کیا ۔ (مثل) جب ایک دفعہ غلط کام شروع کر دیا تو پھر اس میں شرم کیسی ۔
جب نہ تب ۔ وقتاً فوقتاً ۔ وقت بے وقت ۔
جب ہم جانتے ۔ لطف تو جب تھا ۔
جب ہی ۔ **جبھی** ۔ اسی وقت ۔ عین اسی وقت ۔ جوں ہی کہ
جب ہی تو ۔ اس لیے ۔ اس وجہ سے ۔ اسی باعث ۔
جبّار ۔ (جَب ۔ بار) [ع ۔ صفت] (۱) جبر کرنے والا ۔ ظالم ۔ جابر ۔ (۲) زبردست (۳) ال کے سابقے کے ساتھ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔
جِبال ۔ (جِ ۔ بال) [ع ۔ ا ۔ مذکر] جبل (پہاڑ) کی جمع ۔
جَبر ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ظلم ۔ ستم (۲) زور ۔ طاقت (۳) حساب میں کسروں کا اختصار کرنا (۴) معاوضے کے طور پر کچھ زیادہ لینا ۔
جبر سے ۔ زبردستی ۔ بہ زور ۔
جبر مجبرانہ ۔ (مذکر) ایسا جبر جو قانوناً جائز نہ ہو ۔
جبر و تعدی ۔ (مذکر) زبردستی ۔ جور و جفا ۔ ظلم و ستم ۔
جبر و مقابلہ ۔ (مذکر) ریاضی کی ایک شاخ جس میں علامات اور حروف کے ذریعہ عمل کیا جاتا ہے ۔ اور معلوم مقداروں کے وسیلے سے مجہول مقداریں معلوم کی جاتی ہیں ۔
جبراً ۔ (جَب ۔ رَن) [ع ۔ تابع فعل] زبردستی ۔ مجبور کر کے ۔
جبراً و قہراً ۔ چار و ناچار ۔ مجبوراً ۔
جبرائیل ۔ **جبرئیل** ۔ **جبریل** ۔ (جب ۔ رائیل جب ۔ ئیل ۔ جب ۔ ریل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] چار مقرب فرشتوں میں سے ایک فرشتے کا نام جو پیغمبروں کے پاس خدا کی طرف سے وحی لے کر آیا کرتے تھے ۔
جبروت ۔ (جَب ۔ رُوت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) قدرت (۲) عظمت ۔ جاہ و جلال ۔ (۳) (مذکر) عظمت و جلال کا عالم ۔
جبریہ ۔ (جب ۔ ری ۔ یہ) [ع ۔ صفت] (۱) مجبور کر کے ۔ زبردستی (۲) (مذکر) اسلام کا ایک فرقہ جس کا اعتقاد ہے کہ انسان کو اپنے اعمال و افعال پر کوئی اختیار نہیں ۔
جبڑا ۔ (جَب ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] منہ کی ہڈی کا وہ حصہ جس میں دانت جڑے ہوتے ہیں ۔ کلا ۔
جبڑا توڑ ۔ منہ توڑ ۔ کلا توڑ ۔ زبردست ۔ زوردار ۔
جبڑی ۔ (جَب ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] ایک مہلک بیماری جس میں جبڑے بند ہو جاتے ہیں ۔ یا بتیسی جکڑی جاتی ہے ۔
جبل ۔ (جَ ۔ بَل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] پہاڑ ۔ کوہ
جبلت ۔ (جِ ۔ بِل ۔ لَت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] سرشت ۔ فطرت ۔ اصل طبیعت ۔ خلقت ۔
جبلی ۔ (جِ ۔ بِل ۔ لی) [ع ۔ صفت] فطری ۔ پیدائشی ۔ اصلی جبلت کی ۔
جُبن ۔ **جُبُن** ۔ (جُ ۔ بُن) [ع ۔ ا ۔ مذکر] بزدلی ۔
جُبّہ ۔ (جُب ۔ بہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] چوغہ ۔